N 892

Seat No.

2023 III 10 1500 -N 892- URDU COMPOSITE (C) (SECOND OR THIRD LANGUAGE) (U)

(REVISED COURSE)

Time : 2 Hours (Pages 10) Max. Marks : 40

سرگرمی نامے کی ہدایات :

(۱) سرگرمی نامے میں دی ہوئی ہدایات کے مطابق تفہیم کی جانچ پر مبنی سرگرمیوں میں اشکال، شبکی خاکے، شجری خاکے اور رواں خاکے وغیرہ صرف پین سے بنائیں۔

(۲) تحریری حصّے کی سرگرمیوں میں دی ہوئی ہدایات کے خاکے بنانے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی سوال تحریر کرنا ضروری ہے۔

(۳) خوش خطی اور صفائی کا خیال رکھیں۔

حصہ 1 — نثر : کل نمبرات : 10

۱۔ (الف) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کرکے دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے : 5

(۱) حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کی اصلاحات (عوامی سہولیات) درج ذیل نکات کے تحت لکھیے : 2



P.T.O.

https://www.maharashtrastudy.com

حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز اپنے ارد گرد خوشامدیوں کو دیکھنا پسند نہیں کرتے تھے۔ وہ اکثر عالموں کو بلواتے اور ان سے نصیحت کی درخواست کرتے۔ وہ چاہتے تھے کہ علما انصاف کرنے میں ان کی رہنمائی کریں، نیکی کے کاموں میں مدد کریں، حاجت مندوں کی حاجتیں ان تک پہنچائیں اور ان کے سامنے کسی کی غیبت نہ کریں وہ ملازموں کے بھی آرام کا خیال رکھتے اور کسی کام کو کمتر نہیں سمجھتے تھے۔ ایک بار رات کو کسی مہمان سے گفتگو فرما رہے تھے کہ دفعتہً چراغ ٹمٹمانے لگا۔ قریب ہی ایک ملازم سویا ہوا تھا۔ مہمان نے کہا کہ اس کو جگا دوں؟

بولے، ''سونے دو''۔

مہمان نے کہا، ''میں خود اُٹھ کر چراغ ٹھیک کر دوں''۔

فرمایا، ''مہمان سے کام لینا مناسب نہیں ہے۔''

وہ خود ہی اُٹھے، برتن سے زیتون کا تیل لیا اور چراغ کو ٹھیک کر کے پلٹے تو کہا، ''جب میں اُٹھا تھا تو عمر بن عبدالعزیز تھا اور جب پلٹا تب بھی عمر بن عبدالعزیز ہوں۔''

https://www.maharashtrastudy.com

ان کے زمانے میں بڑی خوش حالی تھی۔ لوگ ان کے پاس کثرت سے مال لاتے اور کہتے کہ غریبوں میں بانٹ دیجیے لیکن وہ یہ کہہ کر مال واپس کر دیتے تھے کہ حاجت مند نہیں ملتے پھر یہ مال کسے دیا جائے؟

انہوں نے لوگوں کی سہولت کے لیے سرائیں بنوائیں، شراب پر پابندی لگائی، بے جارسموں کو ختم کیا، غلاموں اور باندیوں کو آزاد کروایا اور شاہی خاندان کے لوگوں اور حکومت کے افسروں کے ظلم و ستم سے عوام کو نجات دلائی۔ ان کی خلافت کا زمانہ صرف دو سال پانچ مہینے رہا، حیرت اس بات پر ہے کہ اتنے کم عرصے میں یہ ساری اصلاحات عمل میں آ گئیں۔ تاریخ میں ایسے عادل، نیک اور پرہیزگار حاکم کی مثال مشکل سے ملتی ہے۔

(۲) اقتباس سے درج ذیل الفاظ کی جمع تلاش کر کے لکھیے : 1

(i) عالم

(ii) اِصلاح

(۳) حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کی علماء سے اُمیدیں تحریر کیجیے : 2

https://www.maharashtrastudy.com

(ب) درج ذیل دری اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق عمل کیجیے [6]

(۱) نفیسہ کی شال پر فقرے کسنے والوں کے نام اور ان کے لباس سے متعلق ذیل خاکہ مناسب الفاظ سے مکمل کیجیے۔



کچھ دن سے رضیہ بی دیکھ رہی تھیں کہ نفیسہ اُدھر کھوئی کھوئی سی رہتی ہے یا آنکھوں کی وہ چمک، آواز کی وہ کھنک جو شروع میں نظر آتی تھی، اب کم ہو گئی ہے اور وہ کسی سوچ میں، کھو[illegible] کے عالم میں رہتی ہے۔ پہلے ماں سمجھ نہ سکی کہ کیا بات ہے مگر پھر غور کرنے پر بات ان کی سمجھ میں آ گئی۔

https://www.maharashtrastudy.com

شام کو نفیسہ آئی تو اس کی آنکھیں لال تھیں۔ ماں گھبرا گئیں۔ انہوں نے پوچھا، ''کیا ہوا بیٹی؟'' نفیسہ نے روہانسی آواز میں کہا، ''وہ امی ------ وہ کنول اور شکیلہ ہے نا، انہوں نے آج میری شال اور سوئٹر پر فقرے کسے اور ------''

''کیوں؟'' تیری شال اور سوئٹر سے انہیں کیا مطلب؟''

''امی وہ امیر ہیں نا، کئی کئی سو کی شالیں، ولایتی کوٹ اور سوئٹر پہن کر آتی ہیں۔ انہوں نے سارے اسکول کے اسٹاف کو احساسِ کمتری میں مبتلا کر دیا ہے۔'' رضیہ بی کا چہرہ اُتر گیا۔ اچانک نفیسہ کو بھی احساس ہوا کہ اس کے منہ سے وہ بات نکل گئی ہے، جو اسے کہنی نہیں چاہیے تھی۔ اس نے فوراً امی کے گلے میں بانہیں ڈال کر کہا، ''چھوڑو امی! مجھے بہت بھوک لگی ہے، جلدی سے کچھ کھانے کو دو۔''

(۲) اقتباس سے اپنی پسند کے ایک محاورے کے لیے انگلش (Idioms) تلاش کر کے لکھیے۔

1

(۳) نفیسہ کے چپ چپ رہنے، آنکھوں کی چمک مدھم پڑ جانے کا سبب لکھیے۔

2

https://www.maharashtrastudy.com

حصہ 2 — نظم : کل نمبرات : 10

۲۔ (الف) درج ذیل درسی نظم کے اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے : 5

(۱) نظم کا مطالعہ کر کے 'لندن' اور 'ہندوستان' کا شجری خاکہ مکمل کیجیے : 2



عشرتی گھر کی محبت کا مزہ بھول گئے — کھا کے لندن کی ہوا عہدِ وفا بھول گئے
پہنچے ہوٹل میں تو پھر عید کی پرواہ نہ رہی — کیک کو چکھ کے سیویّوں کا مزہ بھول گئے
موم کی پتلیوں پر ایسی طبیعت پگھلی — چمنِ ہند کی پریوں کی ادا بھول گئے
بخل ہے اہلِ وطن سے جو وفا میں تم کو — کیا بزرگوں کی وہ سب جود و عطا بھول گئے
نقلِ مغرب کی ترنگ آئی تمہارے دل میں — اور یہ نکتہ کہ مری اصل ہے کیا، بھول گئے
کیا تعجب ہے کہ لڑکوں نے بھلایا گھر کو — جب کہ بوڑھے روشِ دینِ خدا بھول گئے

https://www.maharashtrastudy.com

(۲) درج ذیل الفاظ کے لیے نظم میں استعمال ہوئے الفاظ لکھیے 1

(i) [illegible]

(ii) [illegible]

(۳) "[illegible] پھول گئے" سے شاعر کی مراد لکھیے 2

(ب) درج ذیل دی گئی غزل کا بغور مطالعہ کرتے ہوئے دی ہوئی ہدایات کے مطابق عمل کیجیے [8]

(۱) نیچے دیے گئے لفظوں سے شروع ہونے والے مصرعے مکمل طور پر لکھیے 2

(i) زمانہ

(ii) زمانے

(iii) بہار

(iv) جلیل

https://www.maharashtrastudy.com

زمانہ ہے کہ گزرا جا رہا ہے
یہ دریا ہے کہ بہتا جا رہا ہے

زمانے پر کسی کا زور ہے
جو ہونا ہے وہ ہوتا جا رہا ہے

یہ جو ان کی نگاہیں کہہ رہی ہیں
وہ دل پر نقش ہوتا جا رہا ہے

بہار آئی کہ دن ہولی کے آئے
گلوں میں رنگ کھیلا جا رہا ہے

جلیل اب دل کو تھام اپنا کہ دیکھو
کوئی کر کے اشارہ جا رہا ہے

(۲) غزل سے کوئی دو قافیے تلاش کر کے لکھیے۔ 1

(۳) اس شعر کا مطلب لکھیے۔ 2

زمانے پر کسی کا زور ہے
جو ہونا ہے وہ ہوتا جا رہا ہے

https://www.maharashtrastudy.com

حصہ 3 — قواعد : کل نمبرات : 8

۳۔ ہدایات کے مطابق ذیل کی سرگرمیاں مکمل کیجیے

(۱) اعظم نے میوزیم دیکھا۔ (فعل تلاش کر کے لکھیے)

(۲) اجمل خوبصورت لڑکا ہے۔ (صفت پہچان کر لکھیے)

(۳) درج ذیل محاورے کو اپنے جملے میں استعمال کیجیے۔

میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

(۴) درج ذیل جملے میں مناسب علامات اوقاف لگائیے:

اتنی دیر کیوں کر دی میں فکر کے مارے مری جا رہی تھی۔

(۵) ''لباس'' اس چار حرفی لفظ کے حروف سے دو نئے دو حرفی لفظ بنائیے۔

(۶) درج ذیل جملے کا املا درست کر کے لکھیے:

مجھے یہ کام گلط لگ رہا ہے۔

(۷) درج ذیل شعر کی صنعت کا نام لکھو اور صنعت کی تعریف لکھو:

جھوٹ سے حاصل کیا ہوگا

سچ کے موتی رولو تا

https://www.maharashtrastudy.com

9/N 892

حصہ 4 — اطلاقی تحریری سرگرمیاں : کل نمبرات : 12

۴۔ (الف) دیئے ہوئے پوسٹر کی مدد سے خط لکھیے : 5

صحت مند بھارت

صاف بھارت



غیر رسمی خط
دیے گئے نکات کی مدد سے اپنی سہیلی/دوست کو خط لکھیں اور آپ کے اسکول میں صفائی مہم ہفتہ کس طرح منایا جا رہا ہے؟ بتائیں۔

رسمی خط
دیے گئے نکات کی مدد سے نگر سیوک کو خط لکھ کر عوام کی توجہ پوسٹر کی جانب مبذول کروائیں

یا

* نوٹ : خط میں مزید نکات کا اضافہ کر سکتے ہیں۔

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک سرگرمی کو مکمل کیجیے :

(۱) مندرجہ ذیل نکات کی مدد سے کہانی لکھیے :

ایک کسان--- چار بیٹے ---- انتہائی سست اور کاہل ---- کسان کا فکرمند رہنا--- ترکیب سوجھنا--- بیٹوں کو بُلانا--- کھیت میں خزانہ چھپا ہونے کی اطلاع دینا--- بیٹوں کا خزانہ تلاش کرنے کا اِرادہ--- کھیت کھودنا--- خزانہ نہ پانا--- بیج بونا--- اچھی فصل حاصل کرنا۔

یا

(۲) ذیل کے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ۸۰ تا ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے :

https://www.maharashtrastudy.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से

(i) اُف ! یہ الیکشن

(ii) جدید دور میں انٹرنیٹ کا کردار۔

https://www.maharashtrastudy.com